Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۱) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ یکم محرم الحرام ۱۳۵۴ھ مطابق ۶ اپریل ۱۹۳۵ء جلد (۲۷)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رہائی قیدی سید سجاد حسین (سپاہی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری)	(۲)
(۲)	" " مستی دولہا (ولد کفایت اللہ)	"
(۳)	ترمیم و ازدیادی در روبکار صدورہ ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء متعلق تقرر ریونیو و فائنانس منسٹر شپ	"
(۴)	رخصت سکنڈ لفٹنٹ حمید اللہ خاں (فرسٹ رامپور رضا انفنٹری)	۳
(۵)	" لفٹنٹ احمد شہید صاحب ملٹری میڈیکل افسر	"
(۶)	برقراری سلسلہ ملازمت کپتان احمد شاہ خاں صاحب ایم ڈی سی۔	"
(۷)	رخصت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر	۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم:-
واقع ۳۰ مارچ ۱۹۳۵ء

سید سجاد حسین سپاہی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری بعلت غیر حاضری عدالت کورٹ مارشل سے بحکم ۱۴ مارچ ۱۹۳۵ء دو ماہ قید سخت کا سزایاب ہوا ہے۔

نامبردہ نے تبرحم خسروانہ جیل سے رہائی کی درخواست گذرانی ہے۔ ایمائے ہمایوں ہے کہ سید سجاد حسین قیدی کی بقیہ سزائے قید معاف کی جائے۔ اور جیل سے رہا کردیا جائے

حکم ہوا کہ

کاغذات نواب غرض کارروائی صاحب ہوم منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں اور ایک نقل حکم مع مسل متعلقہ صاحب آرمی منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

ہائی آرڈر

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:-
واقع ۳۰ مارچ ۱۹۳۵ء

دولہ ولد کفایت اللہ ملزم بجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور چار سال قید سخت اور [illegible] روپیہ جرمانہ ورنہ مزید ایک ماہ قید سخت۔ اور بجرم دفعہ ۳۴۸ تعزیرات رامپور تین ماہ قید سخت کا عدالت العالیہ ہائی کورٹ سے بحکم ۱۰ مارچ ۱۹۳۵ء سزایاب ہوا ہے۔ دولہ قیدی مذکور نے تبرحم خسروانہ جیل سے رہائی کی درخواست گذرانی ہے: ایمائے اعلیٰ یوں ہے کہ دولہ قیدی کی بقیہ سزائے قید و جرمانہ معاف کی جائے اور جیل سے رہا کردیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

کاغذات نواب غرض کارروائی صاحب ہوم منسٹر بہادر کے پاس۔ اور ایک نقل حکم مع مسل متعلقہ صاحب چیف جسٹس بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

ہائی آرڈر

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:-
واقع ۳۱ مارچ ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مسٹر آر ایس ساگن صاحب بہادر ریونیو و فنانس منسٹر کے روبکار تقرر صادرہ ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء کی دفعات (۲) و (۸) میں بصراحت تحت ترمیم اور دفعہ (۹) ایزاد کی جاتی ہے:-

دفعہ (۲) حق رخصت پنشن و پیسج خزانہ ریاست سے گورنمنٹ کو بھیجا جائے گا۔ لفظ "پیسج" ایزاد ہوگا۔

دفعہ (۸) میڈیکل سرٹیفکیٹ اور نرسنگ خدمات اونکی اور انکی فیملی کی منجانب ریاست ہوں گی۔

الفاظ "سرٹیفکیٹ" و "نرسنگ" ایزاد ہوں گے۔

دفعہ (۹) بموجب فنڈ ایکسل روپس تنخواہ جو ہنگ نام بموجب شرح منظور شدہ گورنمنٹ سروس خزانہ ریاست سے دی جائیگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

حکم:- مورخہ ۱۳ر مارچ ۱۹۳۵ء

حسب تحریر عرضداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر ریاست ہٰذا
منظوری رخصت اتفاقیہ چار یوم سکنڈ لفٹنٹ
حمید اللہ خاں فرسٹ رامپور رسالہ انفنٹری از
تاریخ استفادہ بغرض روانگی دہلی۔

حکم

بموجب رپورٹ سکنڈ لفٹنٹ حمید اللہ خاں فرسٹ رامپور رسالہ انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ چار یوم تاریخ استفادہ سے منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- مورخہ ۱۳ر مارچ ۱۹۳۵ء

حسب تحریر عرضداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر ریاست ہٰذا
منظوری رخصت اتفاقیہ سات یوم علاوہ لفٹنٹ
احمد شہید صاحب ملٹری میڈیکل افسر از ۹ر لغایت
۱۴ر اپریل ۱۹۳۵ء بغرض روانگی دہلی بہ صراحت
کہ ان کے کام کا انتظام صاحب چیف میڈیکل
افسر بہادر فرما دیں گے۔

حکم

بموجب رپورٹ لفٹنٹ احمد شہید ملٹری میڈیکل افسر کی رخصت اتفاقیہ سات یوم ۹ر لغایت ۱۴ر اپریل ۱۹۳۵ء منظور ہے سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- مورخہ ۱۳ر مارچ ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بموجب رپورٹ کپتان احمد شاہ خاں اے ڈی سی کا سلسلہ ملازمت ۲۰ر ستمبر ۱۹۲۲ء سے برقرار رکھا جانا منظور ہے ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی:

درخواست کپتان احمد شاہ خاں صاحب اے ڈی سی بابت برقراری سلسلہ ملازمت سابقہ بذریعہ عرضداشت ہٰذا اجلاس عالی میں پیش ہے۔ ان کا ابتدائی تقرر بجگہ ۲۰ر ستمبر ۱۹۲۲ء رامپور رسالہ لانسرز میں منظور ہوا۔ ۴ر فروری ۱۹۲۵ء کو اے ڈی سی مقرر ہوئے یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء کو ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ اب پھر بجگہ ۱۵ر جنوری ۱۹۳۵ء از ۹ر جنوری ۱۹۳۵ء بطور اے ڈی سی تقرر منظور ہوا ہے۔ تین سال تین ماہ آٹھ یوم ملازمت سے علیحدہ ہے جیسا کہ تحریر اکاونٹنٹ جنرل صاحب سے ظاہر ہے لہذا مثل دیگر ملازمان کے ان کا بھی سلسلہ ملازمت ۲۰ر ستمبر ۱۹۲۲ء سے برقرار رہنے کی منظوری حضور انور سے فرمائی جانے کا بجا عرض ہے۔ دولت و اقبال لازوال باد۔

فدوی دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر
مورخہ ۱۳ر مارچ ۱۹۳۵ء

حکم :-

واقع یکم اپریل سنہ ۱۹۳۵ء

مرتبہ عرضداشت جناب چیف منسٹر بہادر درج تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ پانچ یوم مطلوبہ صاحب چیف میڈیکل افیسر بہادر از ۲ر لغایت ۶ر اپریل سنہ ۱۹۳۵ء بغرض روانگی لاہور بضرورت ذاتی بدیں صراحت کہ ایام رخصت میں ڈاکٹر سید ظریف حسین انچارج رہیں گے۔

حکم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کی رخصت اتفاقیہ پانچ یوم ۲ر لغایت ۶ر اپریل سنہ ۱۹۳۵ء منظور ہے

ایام رخصت میں ڈاکٹر سید ظریف حسین اسسٹنٹ سرجن کام کے انچارج رہیں گے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم